NYC Health Department | Public Schools

# رہنما خطوط برائے صحتیاتی خدمات اورجز 504 سہولیات
# نیویارک شہر پبلک اسکولز کے طلبا کے لیے

تعلیمی سال 2027 -2026

**تمام والدین اور طبی نگہداشت پیشہ وروں کے لیے:**

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) اور اسکول کا دفتر صحت (OSH) خاص صحتیاتی ضروریات کے حامل طلبا کو صحتیاتی خدمات فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ اگر آپکے بچے کو صحتیاتی خدمات یا کسی IEP یا 1973 کے بحالی ایکٹ کے جز 504 کے تحت طبی سہولیات درکار ہیں، اس پیکٹ میں قابلِ اطلاق فارم ( فارمز) مکمل کریں۔ OSH کو تجدید شدہ دوائی دینے اور / یا تشخیص کردہ علاج فارمز ہر تعلیمی سال **مطلوب** ہوتے ہیں۔

**یہ فارمز صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران کے مکمل کرنے کے لیے دستیاب ہیں اگر آپکے بچے کے لیے درکار ہوں۔** براہِ مہربانی یقینی بنائیں کہ تمام فارمز پر دستخط ہوں جہاں گزارش کی گئی ہے:

1. **ادویات دینے کے فارمز (MAFs)** - اس فارم کو آپ کے بچے کا صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ ادویات وصول کرنے اور اسکول میں علاج کے لیے مکمل کرتا ہے۔
    - **پانچ علیحدہ MAFs ہوتے ہیں؛ دمہ؛الرجیز؛ ذیابیطس؛ دورے اور عام۔**
    - برائے مہربانی مکمل شدہ فارمز اسکول نرس / اسکول میں قائم کردہ صحت کے مرکز میں جمع کرائیں۔
2. **طبی تجویز کردہ علاج (غیر دوائی) فارم** – اس فارم کو آپ کے بچے کا صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ خاص طریقئہ کار کی گزارش کرنے کے لیے جیسے اسکول میں انجام دیے جانے والے ٹیوب فیڈنگ کیتھرائزیشن، سکشننگ، وغیرہ کے لیے مکمل کرے گا۔ یہ فارم تمام باصلاحیت نرسنگ علاج کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
    - برائے مہربانی مکمل شدہ فارمز اسکول نرس / اسکول میں قائم کردہ صحت کے مرکز میں جمع کرائیں۔
3. جُز 504 اور / یا طبی سہولت (سہولیات) کے لیے درخواست – نئے یا ترمیم شدہ صحتیاتی خدمات (بمعہ MAF یا طبی تشخیص کردہ علاج فارم) یا سہولیت جیسے الیویٹر کا استعمال، جانچنے کی سہولیات، اور معاون پیشہ وران کی خدمات کے لیے ان فارمز کو مکمل کریں۔
    - ان فارمز کو متعلقہ خدمات موصول کرنے کے لیے استعمال **نہ** کریں جیسے ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج، جسمانی ورزش سے علاج، گفتار اور لسانی علاج، یا صلاح کاری۔
    - تین فارمز ہیں جن کو مکمل کرنا لازمی ہے:
        - 504 سہولیات کے لیے والدین کی درخواست (IEPs کے حامل طلبا کے لئے مطلوب نہیں ہے)؛
        - HIPAA کے مطابق صحت سے متعلقہ معلومات کو افشا کرنے کا اجازت نامہ؛ اور
        - بچے کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کی جانب سے مکمل کردہ **طبی سہولیات درخواست فارم (MARF)**۔ اس فارم کو سہولیات کی درخواست کرنے والے **تمام** طلباء کو مکمل کرنا چاہیے۔
    - برائے مہربانی مکمل کردہ فارمز اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار یا IEP ٹیم کے پاس جمع کرا دیں، جیسا مناسب ہو۔

**والدین:**

- براہِ مہربانی اپنے بچے کے صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران سے وہ فارمز مکمل کروائیں جو آپکے بچے کے لیے درکار ہیں (جیسے MAF اور / یا طبی طور پر تجویز کردہ علاج کے فارم)۔
- MAFs اور علاج کے فارمز کو سالانہ مکمل کیے جانا لازمی ہے **اور آپکے اسکول کی نرس / اسکول میں قائم صحت کے مرکز کو 1 جون، 2026 تک نئے تعلیمی سال کے لیے جمع کروانا لازمی ہے۔ اس تاریخ کے بعد موصول کردہ فارمز کاروائی میں تاخیر کا باعث بن سکتے ہیں۔**
- IEPs کے حامل طلبا کے لئے:
    - طبی سہولیات کی درخواست کا فارم مکمل کیے جانا لازمی ہے جب خدمات میں کوئی تبدیلی درکار ہو۔
    - **وہ فارمز جنکا IEP ٹیم کے ذریعے جائزہ لیے جانا درکار ہے وہ آپکے بچے کے IEP اجلاس سے کم از کم ایک ماہ قبل جمع کروانے لازمی ہیں۔**
- اسٹاک ادویات (Albuterol, Flovent, اور Epinephrine) OSH عملے کے لیے صرف اسکول میں استعمال کے لیے ہیں، اور ایک مکمل کردہ MAF پھر بھی درکار ہے۔ آپ کے لیے لازمی ہے کہ آپ اسکول کے تفریحی دوروں کے ایام اور / یا اسکول بعد پروگرام کے لیے ایپنیفرین، دمہ کے انہیلر، اور خود سے لینے والی دیگر منظور کردہ ادویات کو اپنے بچے کے ساتھ بھیجیں۔
- **اپنے بچے کو ان خدمات کے لیے اجازت دینے کے لیے، برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کسی بھی MAFs اور علاج کے لیے فارمز کی پشت پر دستخط کریں۔**
- **MAF کے بالائی بائیں کونے پر ایک چھوٹی اور جدید تصویر لگائیں۔**

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم اپنے بچے کے اسکول نرس، IEP ٹیم (اگر قابلِ اطلاق ہو) اور / یا اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

**صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران: براہِ مہربانی صفحے کی پشت پر دیکھیں۔**

NYC Health Department | Public Schools

## رہنما خطوط برائے صحتیاتی خدمات اورجز 504 سہولیات
## نیویارک شہر پبلک اسکولز کے طلبا کے لیے
تعلیمی سال 2027 -2026

**صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران طبی سہولیات درخواست فارم کو مکمل کرنے کے لیے ہدایات**

براہِ مہربانی فارمز کو مکمل کرتے وقت ذیل کے رہنما خطوط کی پیروی کریں:

- کئی صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران آپکے مریض کا علاج کر سکتے ہیں۔ اس فارم کو مکمل کرنے والا صحتیاتی نگہداشت پیشہ ور وہی فرد ہونا چاہیے جو اس کیفیت کا علاج کرے گا، جس کے لئے خدمات کی گزارش کی گئی ہو۔
- اس فارم کا طالب علم کے لائسنس یافتہ صحتیاتی نگہداشت پیشہ ور (MD, DO, NP, PA) کے ذریعے مکمل کیے جانا لازمی ہے جس نے اس طالب علم کا علاج کیا ہے اور اس درخواست کی بنیاد پر بنائی گئی طبی تشخیص کے بارے میں کلینیکل معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ فارمز کو والدین / سرپرست مکمل نہیں کر سکتے۔ فارمز کو ایک ریزیڈنٹ مکمل نہیں کر سکتا۔

سہولیات کے لیے تمام درخواستیں طبی ضرورت پر مبنی ہیں۔ براہِ مہربانی یقینی بنائیں کہ آپکے جوابات مکمل اور درست ہیں۔ **طبی سہولیات کے لیے تمام درخواستوں کا اسکول کا دفترِ صحت (OSH) کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا، اگر مزید وضاحت درکار ہوئی تو وہ آپ سے رابطہ کریں گے۔**

- محکمۂ تعلیم کے زیادہ تر اسکولوں میں اسکول نرس موجود ہوتے ہیں۔ 1:1 نرسنگ کی درخواستوں پر کیس بہ کیس غور کیا جائے گا۔
- براہِ مہربانی اس فارم پر تمام معلومات صفائی سے ٹائپ یا پرنٹ کریں۔ **بد خط، نامکمل، غیر دستخط شدہ یا بغیر تاریخ کے فارمز پر کاروائی نہیں کی جا سکتی اور انہیں طالب علم کے والدین یا سرپرست کو واپس کر دیا جائے گا۔**
- طالب علم کے لیے طبی مناسبت کا مکمل نام اور طبی لحاظ سے اہم موجودہ تشخیصات فراہم کریں۔
- تشخیص / علامات، طبی مسائل، اور / یا طرزِ عمل کے مسائل کو بیان کریں جو طالب علم پر اسکول کے اوقات کے دوران یا سفر میں اثرانداز ہو سکتے ہیں، بشمول محدودیت، اور/ یا مطلوبہ مداخلتیں۔
- گزارش کردہ سہولیات سے متعلقہ کوئی بھی دستاویز اور کسی خاص خدمات کے لیے امتحان کے نتائج یا حوالے شامل کریں۔
- **صرف ان خدمات کی گزارش کریں جو اسکول اوقات یا اسکول کے کفالت کردہ دیگر پروگراموں اور سرگرمیوں کے دوران درکار ہوں۔** ایسی دوا کی درخواست نہ کریں جو گھر پر، اسکول کے اوقات سے پہلے یا بعد میں دی جا سکتی ہو۔
- اگر کسی طالب علم کو دوائیاں یا کوئی طریقِ کار کیے جانا درکار ہے، براہِ مہربانی تمام متعلقہ دوائیاں دینے کے فارمز (MAFs) اور / یا درخواست برائے طبی طور پر تجویز کردہ علاج جمع کروائیں۔ ہدایات کو واضح اور صاف طور پر تحریر ہونا چاہیے۔ یہ اسکول نرس کو انکی طبی ذمہ داری کے ساتھ مکمل کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- متبادل دوائیوں کی درخواست پر کیس بہ کیس غور کیا جائے گا۔
- اپنا نام واضح جلی حروف میں لکھیں اور نیویارک ریاست، نیو جرسی، یا کنیٹیکٹ لائسنس اور NPI نمبر شامل کریں۔
- طبی سہولیات درخواست فارم پر:
  - براہِ مہربانی وہ دن اور اوقات درج کریں جو درخواست کی مزید وضاحت کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرنے میں بہترین ہیں۔
  - براہِ مہربانی اس تصدیق پر دستخط کریں جو یہ تحریر کرتی ہے کہ فراہم کردہ معلومات درست ہے۔
- اسٹاک Epinephrine کو طبی کمرے میں محفوظ رکھا جا سکتا ہے، یا پری کنڈرگارٹن کے لیے ایک مشترکہ جگہ میں۔ طالب علم کے لیے نسخے والی Epinephrine کو حسبِ ہدایت طالب علم کے ساتھ بھیجا جائے گا۔

**طالب علم کی صلاحیت کی سطح:** طلباء کو اسکول میں جتنا ممکن ہو خود کفیل ہونا چاہیے۔ صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران کے لیے یہ تعین کرنا لازمی ہے کہ آیا بچہ دوائی لینے یا طریقِ کار انجام دینے کے لیے نرس کا محتاج ہے، نگرانی درکار ہے، یا خود مختار ہے۔

- **نرس کا محتاج:** نرس کے ذریعے دوائی دینی لازمی ہے۔ دوا عام طور پر طبی کمرے میں قفل لگی الماری میں محفوظ رکھی جاتی ہے۔
- **نگرانی میں:** خود سے دوا لینا، بالغ کی نگرانی میں۔ طالب علم کو اپنی دوا کی نشاندہی کرنے کے قابل ہونا چاہیے، درست خوراک کا علم ہو اور کب لی جائے، اپنی دوا کا مقصد سمجھتا ہو، اور یہ بتانے کے قابل ہو کہ اگر دوا نہ لی جائے تو کیا ہوگا۔
- **خود مختار:** خود دوا لا سکتا ہے / لے سکتا ہے۔ وہ طلبا جو خود مختار ہیں، براہِ مہربانی اس تصدیق پر مختصر دستخط کریں کہ طالب علم اسکول میں، اور دیگر اسکول کے کفالت کردہ پروگرام اور سرگرمیوں میں، بشمول اسکول تفریحی دوروں کے، خود دوا لینے کے قابل ہے۔ **طلبا کو کبھی بھی ممنوعہ منشیات ساتھ رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**
- **اگر صلاحیت کی کوئی سطح منتخب نہیں کی گئی ہے، طالب علم کے صحتیاتی نگہداشت پیشہ ور کے ذریعے مزید ہدایات ملنے تک OSH کلینیکل عملہ طالب علم کو خود بخود بطور نرس کا محتاج درج کر دے گا۔**

آپ کے تعاون کا شکریہ۔